بسم اللہ الرحمن الرحیم نحمدہ و نصلی علی رسولہ

برکت قرآن بتائید حضرت سبحان و توفیق رفیق خدای منان

کلام معجز نظام فصیح الفصحاء امیر المومنین و امام المتقین اسد اللہ الغالب

دیوان بدیع البیان

ابو الحسن علی بن ابی طالب

١٣١٠ھ

مع ترجمۂ اردو مفید

خاص و عام باہتمام اقل انام ابو الحسنات قطب الدین احمد غفر لہ ربنا الاحد الصمد بماہ مبارک محرم الحرام ١٣١٠ھ مطابق ماہ اگست ١٨٩٢ء

در مطبع مجتبائی واقع دہلی

قال رسول الله صلی الله علیه وسلم

انا مدینة العلم وعلی بابها

بسم الله الرحمن الرحیم

الحمد للہ العلی العظیم الذی قال فی حق نبیہ وعلمک ما لم تکن تعلم وھو خیر العرب [illegible] والسلام علی رسولہ الکریم الذی قال انا دار الحکمۃ وعلی [illegible] الذین تادبوا باداب نبوتہ التی توصل الی الحکمۃ اما بعد حمد وصلوٰۃ کے امیدوار مغفرت رب کریم ہیچمیرز ہیچمدان محمد عبد الحکیم ابن استاذ الحکما جناب حکیم کاظم علی صاحب برد اللہ مضجعہ بالفضل والمواہب شائقین علم وادب کی خدمت میں عرض پیرا ہے کہ بہی خواہ اہل اسلام فاتحہ انام مخدومی ومعظمی جناب حاجی حافظ ابو الحسنات خواجہ قطب الدین احمد صاحب مالک مطبع نامی مد ظلہ السامی نے مجھسے ارشاد فرمایا کہ اگر دیوان معجز بیان حضرت سیدنا امیر المومنین علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ زبان اردو عام فہم میں ترجمہ ہو جائے تو عام لوگ بھی اس سے فیضیاب ہوں اور نفع اٹھائیں ہر چند اس عاجز میں یہ لیاقت اور طاقت نہ تھی مگر حسب ارشاد جناب ممدوح اردو عام فہم میں ترجمہ کیا امید ناظرین سہو وخطا کو معاف کریں اور اس عاجز اور جناب حافظ صاحب ممدوح کو دعائے خیر سے فراموش نہ فرمائیں - والعذر عند کرام الناس مقبول ؎

شروع دیوان بسم الله الرحمن الرحیم معجز بیان

قدح نسب طینی و مدح علم دینی

طعنہ اصل خاکی پر اور تعریف علم دین کی

اَلنَّاسُ مِنْ جِهَةِ التِّمْثَالِ اَكْفَاءُ ... اَبُوهُمُ آدَمُ وَالْاُمُّ حَوَّاءُ

سب آدمی از روے صورت کے یکسان ہین ... کہ باپ اون سبکے آدمؑ اور مان اونکی حوّا ہین

وَاِنَّمَا اُمَّهَاتُ النَّاسِ اَوْعِيَةٌ ... مُسْتَوْدَعَاتٌ وَلِلْاَحْسَابِ آبَاءُ

اور سوا اسکے نہین کہ مائین آدمیونکی صرف ظروف ہین ... کہ باپ کی امانت نطفہ ہین اور نسب کے لیے باپ کافی ہین

فَاِنْ يَكُنْ لَهُمْ مِنْ اَصْلِهِمْ شَرَفٌ ... يُفَاخِرُونَ بِهِ فَالطِّينُ وَالْمَاءُ

پس اگر ہے ان لوگون کے لیے حسب و نسب سے کچھ بزرگی ... کہ فخر کرتے ہین اوسپر تو حقیقت مین مٹی اور پانی ہین

وَاِنْ اَتَيْتَ بِفَخْرٍ مِنْ ذَوِي نَسَبٍ ... فَاِنَّ نِسْبَتَنَا جُودٌ وَعَلْيَاءُ

اور اگر ظاہر کرے تو کوئی فخر نسب والون سے ... پس تحقیق مین جس نسب پر فخر کرتا ہون وہ بزرگی و بلندی ہے

لَا فَضْلَ اِلَّا لِاَهْلِ الْعِلْمِ اِنَّهُمُ ... عَلَى الْهُدٰى لِمَنِ اسْتَهْدٰى اَدِلَّاءُ

اور بزرگی صرف علم والونکے لیے ہے کیونکہ یہ لوگ ... خود راہ راست پر ہین اور طالبان ہدایت کے راہنما ہین

وَقِيمَةُ الْمَرْءِ مَا قَدْ كَانَ يُحْسِنُهُ ... وَالْجَاهِلُونَ لِاَهْلِ الْعِلْمِ اَعْدَاءُ

اور قدر آدمی یہ ہے کہ نیک ہو اور نیک سمجھا جاوے ... اور جاہل علم والون کے دشمن ہین

فَقُمْ بِعِلْمٍ وَلَا تَبْغِي لَهُ بَدَلًا ... فَالنَّاسُ مَوْتٰى وَاَهْلُ الْعِلْمِ اَحْيَاءُ

آمادہ ہو حصول علم پر اور نہ چاہو اوسکا بدلا ... پس بے علم لوگ مردہ ہین اور اہل علم زندہ

تحذیر از مجالست جاہلان و تنفیر از موانست غافلان

خوف دلانا جاہلون کی ہمنشینی سے اور نفرت دلانا غافلون کی موافقت اور خوگیری سے

وَلَا تَصْحَبْ اَخَا الْجَهْلِ وَاِيَّاكَ وَاِيَّاهُ ... فَكَمْ مِنْ جَاهِلٍ اَرْدٰى حَلِيمًا حِينَ آخَاهُ

اور نہ ہمصحبت ہو جاہلونسے اور دور رہ اونسے اور دور رکھ اونکو ... کیونکہ بہت جاہلون نے ہلاک کیا عقلمندونکو جب اونسے بھائی چارہ کی

يُقَاسُ الْمَرْءُ بِالْمَرْءِ إِذَا مَا هُوَ مَاشَاهُ ۔ وَلِلشَّيْءِ مِنَ الشَّيْءِ مَقَايِيسُ وَأَشْبَاهُ

اندازہ کیا جاتا ہی آدمی ساتہ آدمی کے جب اوسکے ہمراہ ہو ۔ اور ہر چیز کو دوسری چیزون سے اندازہ اور مشابہتین ہین

وَلِلْقَلْبِ عَلَى الْقَلْبِ دَلِيلٌ حِينَ يَلْقَاهُ

اور دل کو دل سے راہ ہے جب کہ ملتا ہے اوس سے

شکایت روزگارِ غدار وحکایت دوستان بے اعتبار

شکایت زمانۂ ناموافق کی اور حکایت نامعتبر دوستون کی

تَغَيَّرَتِ الْمَوَدَّةُ وَالْإِخَاءُ ۔ وَقَلَّ الصِّدْقُ وَانْقَطَعَ الرَّجَاءُ

بدلگیا زمانہ دوستی اور برادرانہ الفت کا ۔ اور کم ہوگئی سچائی اور ٹوٹ گئی امید لوگون سے

وَأَسْلَمَنِي الزَّمَانُ إِلَى صَدِيقٍ ۔ كَثِيرِ الْغَدْرِ لَيْسَ لَهُ رِعَاءُ

اور سپرد کیا مجکو زمانے نے اوس دوست کے ۔ جو نہایت پیمان شکن ہے اور کچھ رعایت نہین کرتا

سَيُغْنِينِي الَّذِي أَغْنَاهُ عَنِّي ۔ فَلَا فَقْرٌ يَدُومُ وَلَا ثَرَاءُ

جلد بے پروا کردیگا مجھے وہ جسنے بے پروا کیا لوگون کو مجھسے ۔ کیونکہ نہ محتاجی ہمیشہ رہتی ہے اور نہ دولتمندی

وَلَيْسَ بِدَائِمٍ أَبَدًا نَعِيمٌ ۔ كَذَلِكَ الْبُؤْسُ لَيْسَ لَهُ بَقَاءُ

اور ہرگز نہین کسی نعمت اور راحت کو ہمیشگی ۔ اسیطرح سختی ہے کہ اوسکو بہی بقا نہین

وَكُلُّ مَوَدَّةٍ لِلّٰهِ يَصْفُو ۔ وَلَا يَصْفُو مِنَ الْفِسْقِ الْإِخَاءُ

اور جو دوستی کہ خدا کے واسطے ہو پاک ہے ۔ اور نہین صاف ہوتی بدکرداری سے صحبت

إِذَا أَنْكَرْتُ عَهْدًا مِنْ حَمِيمٍ ۔ فَفِي نَفْسِي التَّكَرُّمُ وَالْحَيَاءُ

جب دیکھتا ہون مین بیوفائی کسی دوست سے ۔ پس بوجہ بزرگی ذات اور حیا کے درگذر کرتا ہون

وَكُلُّ جِرَاحَةٍ فَلَهَا دَوَاءُ ۔ وَسُوءُ الْخُلْقِ لَيْسَ لَهُ دَوَاءُ

اور ہر زخم کے لیے ایک دوا ہے ۔ مگر بدخلقی کی کوئی دوا نہین

وَرُبَّ أَخٍ وَفَيْتُ لَهُ وَفِيًّا ۔ وَلَكِنْ لَا يَدُومُ لَهُ الْوَفَاءُ

اور اکثر بہائیون سے دوستی کی مین نے اور وفا ۔ لیکن اونکی دوستی اور وفا کو قیام نہ پایا

يُدِيمُونَ الْمَوَدَّةَ مَا رَأَوْنِي ۔ وَيَبْقَى الْوُدُّ مَا بَقِيَ اللِّقَاءُ

ہمیشہ رکھتے ہیں محبت جب تک کہ دیکھتے ہیں مجھکو ۔ اور باقی رہتی ہے دوستی جب تک کہ باقی رہتی ہے ملاقات

أَخِلَّاءُ إِذَا اسْتَغْنَيْتُ عَنْهُمْ ۔ وَأَعْدَاءُ إِذَا نَزَلَ الْبَلَاءُ

یہ لوگ جب ہی تک دوست ہیں کہ میں ان سے بے پروا ہوں ۔ اور دشمن ہیں جس وقت کہ کوئی بلا نازل ہو

فَإِنْ غُيِّبْتُ عَنْ أَحَدٍ قَلَانِي ۔ وَعَاقَبَنِي بِمَا فِيهِ اكْتِفَاءُ

پس اگر غائب ہو جاؤں میں کسی کی نظر سے تو مجھسے بیزار ہو جاتا ۔ اور بہت اچھی طرح سے مجھے برا کہیں

إِذَا مَا رَأْسُ أَهْلِ الْبَيْتِ وَلَّى ۔ بَدَا لَهُمُ مِنَ النَّاسِ الْجَفَاءُ

جبکہ سردار اہل بیت نے دنیا سے رحلت فرمائی ۔ ظاہر ہوا لوگوں سے اہل بیت پر ستم

شکوهٔ زنان بے وفا که نه صدق دارند و نه صفا

شکایت بے وفا عورتوں کی جو سچائی اور صفائی سے بے بہرہ ہیں

دَعْ ذِكْرَهُنَّ فَمَا لَهُنَّ وَفَاءُ ۔ رِيحُ الصَّبَا وَعُهُودُهُنَّ سَوَاءُ

چھوڑ دو انکا ذکر کہ انمیں بوئے وفا نہیں ۔ باد صبا اور انکے عہد دونوں برابر ہیں

يَكْسِرْنَ قَلْبَكَ ثُمَّ لَا يَجْبُرْنَهُ ۔ وَقُلُوبُهُنَّ مِنَ الْوَفَاءِ خَلَاءُ

توڑتی ہیں تیرے دل کو پھر نہیں جوڑتی ہیں ۔ اور دل انکے وفا سے بالکل خالی ہیں

امر بجستن روزی بامید فتح و فیروزی

حکم تلاش معاش کا بامید کشائش و کامگاری

وَمَا طَلَبُ الْمَعِيشَةِ بِالتَّمَنِّي ۔ وَلَكِنْ أَلْقِ دَلْوَكَ فِي الدِّلَاءِ

اور کچھ نہیں خواہش اسباب زندگی کی آرزو سے ۔ اور لیکن ڈال دے اپنا ڈول تو بھی ڈولوں میں

تَجِئْكَ تَمْلَأُ يَوْمًا وَيَوْمًا ۔ تَجِئْكَ بِحَمْأَةٍ وَقَلِيلِ مَاءِ

لیگا تجھکو کسیدن بھرا ہوا پانی سے اور کسی دن ۔ کیچڑ اور تھوڑا پانی ملا ہوا آئیگا

منع از مبالغه در جمع مال و شکایت از دهر پریشان حال

مال و دولت کے جمع کرنے میں زیادہ کوشش کی ممانعت اور زمانہ پریشان حال کی شکایت

وَكَمْ سَاعٍ لِيُثْرِيَ لَمْ يَنَلْهُ ۔۔۔ وَآخَرُ مَا سَعَى لَحِقَ الثَّرَاءُ

اور بہت سعی کرنے والے ہیں کہ اونہیں دولت نہیں ملتی ۔۔۔ اور دوسرے بغیر کوشش کے دولتمند ہو جاتے ہیں

وَسَاعٍ يَجْمَعُ الْأَمْوَالَ جَمْعًا ۔۔۔ لِيُورِثَهُ أَعَادِيَهُ شَقَاءُ

اور بہتیرے کوشش کرنیوالے جمع کرتے ہیں مال کو ۔۔۔ اسلیے کہ وارث ہوں اوس مال کے اونکے دشمن بدبخت

وَمَا سِيَّانِ ذُو خُبْرٍ بَصِيرٌ ۔۔۔ وَآخَرُ جَاهِلٌ لَيْسَا سَوَاءُ

اور نہیں مانند صاحب علم روشن ضمیر کے ۔۔۔ اور دوسرا جاہل کہ یہ دونوں برابر نہیں ہیں

وَمَنْ يَسْتَعْتِبُ الْحَدَثَانَ يَوْمًا[۲] ۔۔۔ يَكُنْ ذَاكَ الْعِتَابُ لَهُ عَنَاءُ

اور جس نے آشتی کی زمانے سے کسی دن ۔۔۔ تو ہوگی یہ آشتی اوسکے لیے رنج

وَيُزْرِي بِالْفَتَى الْإِعْدَامُ حَتَّى ۔۔۔ مَتَى يُصِبِ الْمَقَالَ يُقَلْ أَسَاءُ

اور ذلیل کرتی ہے جوانمرد کو محتاجی یہانتک ۔۔۔ کہ جب سچ بات کہتا ہے تو بری سمجھی جاتی ہے

لَيْسَ مَنْ مَاتَ فَاسْتَرَاحَ بِمَيْتٍ ۔۔۔ إِنَّمَا الْمَيْتُ مَيِّتُ الْأَحْيَاءِ

نہیں ہے وہ شخص کہ مرگیا اور چھوٹا دنیا کے رنج سے مردہ ۔۔۔ بلکہ مردہ وہ ہے جو دنیا کی محنت پر زندگی میں جان دیتا ہے

امر بطلاق دنیا کہ عروسی ست نازیبا

حکم طلاق دینے کا زن دنیا کو کہ یہ عروس نالائق ہے

طَلِّقِ الدُّنْيَا ثَلَاثًا وَاطْلُبَنْ زَوْجًا سِوَاهَا ۔۔۔ إِنَّهَا زَوْجَةُ سُوءٍ لَا تُبَالِي مَنْ أَتَاهَا

زن دنیا کو تین طلاق دے اور دوسری عورت ڈھونڈ ۔۔۔ کیونکہ یہ بری عورت ہے اور بیباک ہے اپنے طالب سے

وَإِذَا نَالَتْ مُنَاهَا مِنْهُ وَلَّتْهُ قَفَاهَا

اور جب اسکی آرزوئیں اوس سے پوری ہو جاتی ہیں تو پیٹھ پھیر لیتی ہے

ارشاد بہ ندامت اخروی در محبت اسباب دنیوی

محبت اسباب دنیا کی آخرت کی ندامت کا باعث ہے

يَا عَاشِقَ الدُّنْيَا لِغَيْرِكَ وَجْهُهَا ۔۔۔ وَلَتَنْدَمَنَّ إِذَا أَرَتْكَ قَفَاهَا

اے دنیا کے عاشق دنیا کا رخ تجھسے پھرا ہوا ہے ۔۔۔ اور قسم خدا کی تو اوسوقت شرمندہ ہوگا جب وہ تجھسے منہ موڑیگی

[۲] در بعض نسخ قبل این شعر عبارت مندرجہ مرقوم ست - حصر موت در دنیا کہ محل عناد و منزل بلاست ۱۲

امر باجتناب ازین جہان خراب

حکم پرہیز کا اس جہان بے ثبات سے

تحرز من الدنیا فان فناءها ◦ محل فناء لا محل بقاء

پرہیز کر دنیا سے اسلیے کہ اسکی نیستی ◦ مقام فنا کا ہے نہ مقام بقا کا

فصفوتها ممزوجة بکدورة ◦ وراحتها مقرونة بعناء

پس صفائی اسکی کدورت آمیز ہے ◦ اور راحت اسکی مصیبت خیز

اظہار ید علیا در محل شدائد دنیا

دنیا کی سختیون پر صبر کرنا باعث حصول بلند رتبے کا ہے

ھی حالان شدة ورخاء ◦ وسجالان نعمة وبلاء

دنیا کے دو حال ہین سختی اور نرمی ◦ اور دو ڈول ہین نعمت اور بلا کے

والفتی الحاذق الادیب اذا ما ◦ خانه الدھر لم یخنه عزاء

اور جوانمرد دانشمند ادب والا جب کہ ◦ پریشان کرتا ہے اوسے زمانہ تو نہین رہتا اوسے صبر

ان المت ملمة بی فانی ◦ فی الملمات صخرة صماء

اگر پیش آئے کوئی حادثہ مجھے پس بیشک مین ◦ ان حادثون کے اوٹھانے مین پتھر سے سخت ہون

عالم بالبلاء علما بان ◦ لیس یدوم النعیم واللاواء

جانتا ہون بلا کو اپنے علم سے یہ کہ بیشک ◦ نہ ہمیشہ نعمت رہتی ہے اور نہ محنت

بیان اختیارات ایام اسبوع بطرزی مقبول و مطبوع

بیان ہر کام کے لیے ہفتے کے دنون کے اختیار کرنے کا اچھے اور مقبول طرز پر

لنعم الیوم یوم السبت حقا ◦ لصید ان اردت بلا امتراء

بیشک سب دنون مین ہفتے کا دن اچھا ہے ◦ شکار کے لیے اگر ارادہ کرے بغیر شک کے

وفی الاحد البناء لان فیه ◦ تبدی الله فی خلق السماء

اور اتوار کا روز تعمیر کے لیے اچھا ہے کیونکہ اسمین ◦ ابتدا کی اللہ تعالے نے آسمانون کے بنانے کی

وَفِي الاِثْنَيْنِ اِنْ سَافَرْتَ فِيهِ	سَتَظْفَرُ بِالنَّجَاحِ وَبِالثَّرَاءِ
اور پیر کا دن سفر کے لیے ہے اگر سفر کرے اوسدن	تو بہت جلد فیروزی پاے تو حاجت روائی اور تونگری
وَمَنْ يُرِدِ الْحِجَامَةَ فَالثُّلَاثَا	فَفِي سَاعَاتِهَا هَرْقُ الدِّمَاءِ
اور جو پچھنے لگانا چاہے تو منگل کا روز بہتر ہے	کیونکہ اوسکی لہرپون مین خون نکالنا اچھا ہے
وَاِنْ شَرِبَ امْرُءٌ يَوْمًا دَوَاءً	فَنِعْمَ الْيَوْمُ يَوْمُ الْاَرْبِعَاءِ
اور اگر کوئی شخص دوا پینا چاہے کسی دن	پس اچھا دن دوا کے لیے بدھ ہے
وَفِي يَوْمِ الْخَمِيسِ قَضَاءُ حَاجٍ	فَفِيهِ اللّٰهُ يَاْذَنُ بِالدُّعَاءِ
اور جمعرات دعا کے لیے بہتر ہے	کہ اوسدن اللہ تعالے زیادہ سنتا ہے دعاؤنکو
وَفِي الْجُمُعَاتِ تَزْوِيجٌ وَعُرْسٌ	وَلَذَّاتُ الرِّجَالِ مَعَ النِّسَاءِ
اور جمعے کے دن بیاہ شادی کے لیے ہین	اور عورت و مرد کے لذت پانے کے لیے
وَهٰذَا الْعِلْمُ لَمْ يَعْلَمْهُ اِلَّا	نَبِيٌّ اَوْ وَصِيُّ الْاَنْبِيَاءِ
اور اس علم کو کوئی نہین جانتا مگر	نبی یا نبیون کے وصی

دعا ومناجات باقاضی الحاجات

دعا اور مناجات درگاہ قاضی الحاجات مین

لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ اَنْتَ مَوْلَاهُ	فَارْحَمْ عُبَيْدًا اِلَيْكَ مَلْجَاهُ
حاضر ہون مین حاضر ہون اور تو مولا میرا ہے	پس رحم کر بندے پر کہ تو اوسکا جاے التجا ہے
يَا ذَا الْمَعَالِي عَلَيْكَ مُعْتَمَدِي	طُوبٰى لِمَنْ كُنْتَ اَنْتَ مَوْلَاهُ
اے صاحب بزرگی کے تجھی پر مجھے بھروسا ہے	خوشحال اوسکا کہ جسپر تو مہربان ہے
طُوبٰى لِمَنْ كَانَ نَادِمًا اَرِقًا	يَشْكُو اِلٰى ذِي الْجَلَالِ بَلْوَاهُ
خوشحال اوسکا کہ نادم ہے اور بیدار	شکایت کرتا ہو خداے بزرگ سے اپنی مصیبت کی
مَا بِهِ عِلَّةٌ وَلَا سَقَمٌ	اَكْثَرُ مِنْ حُبِّهِ لِمَوْلَاهُ
نہ اوسے کچھ بیماری ہے اور نہ برائی	زیادہ اوس محبت سے جو اوسے مولا کی ہے

إِذَا خَلَا فِي الظَّلَامِ مُبْتَهِلًا ۔ أَجَابَهُ اللّٰهُ ثُمَّ لَبَّاهُ

جبکہ خلوت تاریک میں رو رو کے دعا کرتا ہے ۔ جواب دیتا ہے اوسے اللہ تعالے اور لبیک کہتا ہے

سَأَلْتَ عَبْدِي وَأَنْتَ فِي كَنَفِي ۔ وَكُلُّ مَا قُلْتَ قَدْ سَمِعْنَاهُ

سوال کیا تو نے ای بندے میرے اور تو میری حمایت میں ہے ۔ اور جو کچھ کہا تو نے خوب سنا میں نے

صَوْتُكَ تَشْتَاقُهُ مَلَائِكَتِي ۔ فَذَنْبُكَ الْآنَ قَدْ غَفَرْنَاهُ

تیری آواز کے مشتاق ہیں میرے فرشتے ۔ پس گناہ تیرے اب بیشک بخشدیے میں نے

فِي جَنَّةِ الْخُلْدِ مَا تَمَنَّاهُ ۔ طُوبَاهُ طُوبَاهُ ثُمَّ طُوبَاهُ

بہشت دائمی میں ہیں تیری سب آرزوئیں ۔ خوشخبری ہے تیرے لیے خوشخبری پر خوشخبری

سَلْنِي بِلَا حِشْمَةٍ وَلَا رَهَبٍ ۔ وَلَا تَخَفْ إِنَّنِي أَنَا اللّٰهُ

مانگ لے مجھسے نہ کر تو شرم و وحشت ۔ اور نہ ڈر مجھسے کہ میں ہوں خداوند رحمت

مرثیۂ وفات حضرت رسول اکرم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم

مرثیہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کے بیان میں۔

أَمِنْ بَعْدِ تَكْفِينِ النَّبِيِّ وَدَفْنِهِ ۔ بِأَثْوَابِهِ آسَى عَلَى هَالِكٍ ثَوَى

کیا بعد کفن و دفن رسالت مآب کے ۔ نہ مجتمع ہوں اونکے لیے غمگین اونکے انتقال سے کہ قبر میں مقیم ہوئے

رُزِئْنَا رَسُولَ اللّٰهِ فِينَا فَلَنْ نَرَى ۔ بِذَاكَ عَدِيلًا مَا حَيِينَا مِنَ الرَّدَى

مصیبت زدہ ہوئے ہم بعد رسول اللہ کے پس ہرگز نہ دیکھیں گے ۔ مثل اونکا جب تک زندہ ہیں برے حال سے

وَكَانَ لَنَا كَالْحِصْنِ مِنْ دُونِ أَهْلِهِ ۔ لَهُ مَعْقِلٌ حِرْزٌ حَرِيزٌ مِنَ الْعِدَى

اور وہ حضرت اپنے گھر والوں کے سوا ہمارے لیے مثل قلعے کے پناہ تھے ۔ اور اونکا ملجا نہایت مضبوط اور مستحکم تھا اعدا سے

وَكُنَّا بِمَرْآهُ نَرَى النُّورَ وَالْهُدَى ۔ صَبَاحًا مَسَاءً رَاحَ فِينَا أَوِ اغْتَدَى

اور تھے ہم کہ اونکے دیدار سے نور و ہدایت دیکھتے تھے ۔ ہر صبح و شام کہ وہ ہم میں صبح و شام کرتے تھے

لَقَدْ غَشِيَتْنَا ظُلْمَةٌ بَعْدَ مَوْتِهِ ۔ نَهَارًا فَقَدْ زَادَتْ عَلَى ظُلْمَةِ الدُّجَى

بیشک چھاگئی ہمپر تاریکی اونکے انتقال کے بعد ۔ دن میں پس بڑھ گئی تاریکی پر تاریکی

فيا خير من ضم الجوانح والحشا
پس اے بہترین اموات کہ ملایا پہلو اور احشا کو

ويا خير ميت ضمه الترب والثرى
اور اے عمدہ ترمیت کہ ملگئی خاک اور مٹی مین

كأن أمور الناس بعدك ضمنت
گویا کہ کام لوگون کے تیرے بعد رکھے گئے

سفينة موج حين في البحر قد سما
اوس کشتی مین کہ دریا کی بلند موجون مین آپڑی

وضاق فضاء الأرض عنهم برحبه
اور تنگ ہوئی کشادگی زمین کی لوگون پر باوجود فراخی کے

لفقد رسول الله إذ قيل قد مضى
بسبب نہونے رسول اللہ کے جبکہ کہا گیا کہ آپ گذر گئے

فقد نزلت بالمسلمين مصيبة
پس نازل ہوئی مسلمانون پر مصیبت

كصدع الصفا لا شعب للصدع في الصفا
مثل پتھر کے شگاف کے کہ اوسکی کچھ اصلاح نہین

فلن يستقل الناس تلك المصيبة
پس ہرگز کم نہ سمجھین لوگ اس مصیبت کو

ولن يجبر العظم الذي منهم وهى
اور ہرگز نہین جوڑی جاسکتی ہڈی اونکی کہ ٹوٹی

وفي كل وقت للصلوة يهيجه
اور ہر وقت مین نماز کے اوٹھاتا ہے اونکو

بلال ويدعو باسمه كلما دعى
بلال اور پکارتا ہے اونکے نام کو جبکہ پکارتا ہے

ويطلب أقوام مواريث هالك
اور مانگتی ہین قومین ورثہ مردہ کا

وفينا مواريث النبوة والهدى
اور حال یہ کہ ہمارے پاس نبوت اور ہدایت کا ورثہ ہے

بیان شجاعت خود در جنگ بدر و مدح اصحاب عالی قدر

بیان اپنی شجاعت کا جنگ بدر مین اور تعریف اصحاب بلند قدر کی

ضربنا غواة الناس عنه تكرما
دور کیا ہمنے گمراہ لوگون کو آنحضرت سے بوجہ تکریم کے

ولما رأوا قصد السبيل ولا الهدى
اور جب کہ نہ دیکھی تھی اونہون نے راہ راست

ولما أتانا بالهدى كان كلنا
اور جب لائے وہ ہمارے پاس ہدایت تھے ہم سب

على طاعة الرحمن والحق والتقى
فرمانبردار خدا کے حق اور پرہیزگاری پر

نصرنا رسول الله لما تدابروا
مدد کی ہمنے رسول خدا کی جب پھر گئے لوگ

وثاب إليه المسلمون ذوو الحجى
اور پھرے طرف حضرت کے مسلمان عقل والے

نصیحت قرۃ العین حضرت امام حسین علیہ السلام من رب المشرقین

نصیحت اپنے نور نظر حضرت امام حسین علیہ السلام کو

أحسين إني واعظ ومؤدب | فافهم فإن العاقل المتأدب

ای حسین میں بیشک میں نصیحت کرنے والا ادب سکھانے والا ہوں | پس سمجھو تم میری بات کہ بیشک عقلمند ادب قبول کرتا ہے

واحفظ وصية والد متحنن | يغذوك بالآداب كيلا تعطب

اور یاد رکھو وصیت اپنے والد مہربان کی | کہ پالتا ہے تمکو ادب سے تا کہ ہلاک نہو

أبني إن الرزق مكفول به | فعليك بالإجمال فيما تطلب

ای فرزند بیشک رزق کا ضامن خدا ہے | پس لازم ہے تجکو خوبی اپنانی اوسکی طلب مین

لا تجعلن المال كسبك مفردا | وتقى إلهك فاجعلن ما تكسب

نہ کر تحصیل مال کو صرف اپنا پیشہ | اور ڈر اپنے پروردگار سے ہر کام مین کہ تو کرتا ہے

كفل الإله برزق كل برية | والمال عارية تجيء وتذهب

ضامن ہوا ہے پروردگار تمام مخلوق کے رزق کا | اور مال عاریت ہے کہ آتا ہے اور جاتا ہے

والرزق أسرع من تلفت ناظر | سببا إلى الإنسان حين يسبب

اور رزق پلک مارنے سے پہلے پہونچتا ہے | اور سبب ہوجاتا ہے انسان کے لیے جب سبب ڈھونڈھے

ومن السيول إلى مقر قرارها | والطير للأوكار حين تصوب

اور جلد پہونچتا ہے رزق نہرون کی روانگی سے اونکے جاے قرار تک | اور چڑیان اوس وقت کہ آشیانے سے نیچے اترین

أبني إن الذكر فيه مواعظ | فمن الذي بعظاته يتأدب

اے فرزند قرآن مین خوب نصیحتین ہین | پس کون ہے وہ خوش نصیب کہ اون نصیحتون پر چلے

اقرأ كتاب الله جهدك واتله | فيمن يقوم به هناك وينصب

پڑھو قرآن پاک کو تا امکان اور پیروی کرو اوسکی | اوس قوم مین کہ قائم ہے اوسکی قرات پر بیان اور خوب پڑھتی ہے

بتفكر وتخشع وتقرب | إن المقرب عنده المتقرب

ساتھ فکر اور فروتنی اور حصول تقرب کے | بیشک مقرب اللہ کے نزدیک تقرب چاہنے والا ہے

وَاعْبُدْ اِلٰهَكَ ذَا الْمَعَارِجِ مُخْلِصًا	وَانْصِتْ اِلَى الْاَمْثَالِ فِيْمَا تُضْرَبُ
اور عبادت کر واپنے پروردگار بزرگ کی خلوص سے	اور سن مثالون کو جو اپنے موقع پر بولی جاتی ہین
وَاِذَا مَرَرْتَ بِاٰيَةٍ مَخْشِيَّةٍ	تَصِفُ الْعَذَابَ فَقِفْ وَدَمْعُكَ يُسْكَبُ
اور جبکہ پونہچے تو کسی آیت ڈرانے والی پر	کہ بیان کرتی ہو عذاب کو تو ٹھہر جا اور آنسو تیرے جاری ہون
يَا مَنْ يُعَذِّبُ مَنْ يَشَاءُ بِعَدْلِهٖ	لَا تَجْعَلَنِّيْ فِي الَّذِيْنَ تُعَذِّبُ
اے وہ خدا کہ عذاب کرتا ہے اپنے عدل سے جسے چاہے	نکر مجھے اون لوگون سے کہ عذاب کریگا تو اونپر
اِنِّيْ اَبُوْءُ بِعَثْرَتِيْ وَخَطِيْئَتِيْ	هَرَبًا وَهَلْ اِلَّا اِلَيْكَ الْمَهْرَبُ
کہ مین پہرتا ہون اپنی لغزش اور خطا سے	بہاگتا ہوا اور ہے بہاگنا میرا تیری طرف
وَاِذَا مَرَرْتَ بِاٰيَةٍ فِيْ ذِكْرِهَا	وَصْفُ الْوَسِيْلَةِ وَالنَّعِيْمُ الْمُعْجِبُ
اور جو پونہچے تو اوس آیت پر کہ اوسکے ذکر مین	تعریف ہو بلند درجہ بہشت اور نعیم پسندیدہ کی
فَاسْئَلْ اِلٰهَكَ بِالْاِنَابَةِ مُخْلِصًا	دَارَ الْخُلُوْدِ سُؤَالَ مَنْ يَتَقَرَّبُ
پس مانگ اپنے پروردگار سے ساتہہ توبہ اور خلوص کے	بہشت دائمی بطورنکے تقرب چاہنے والون کے
وَاجْهَدْ لَعَلَّكَ اَنْ تَحُلَّ بِاَرْضِهَا	وَتَنَالَ رَوْحَ مَسَاكِنٍ لَا تَخْرَبُ
اور کوشش کر شاید کہ پونہچے تو اوس زمین پر	اور پالے تو راحت اون گہرونکی جو ویران نہونگے
وَتَنَالَ عَيْشًا لَا انْقِطَاعَ لِوَقْتِهٖ	وَتَنَالَ مُلْكَ كَرَامَةٍ لَا تُسْلَبُ
اور ملے تجکو عیش کہ جسکے وقت کی انتہا نہین ہے	اور پالے تو وہ ملک وکرامت کہ نہ پہیرا جائے تجہسے
بَادِرْ هَوَاكَ اِذَا هَمَمْتَ بِصَالِحٍ	خَوْفَ الْغَوَالِبِ اَنْ تَجِيْءَ وَتَذْهَبُ
اور پیشدستی کر اپنی ہوا وہوس پر جب قصد کرے نیک کام کا	خوف سے خیالات غالب کے کہ آتے ہین اور جاتے ہین
وَاِذَا هَمَمْتَ بِسَيِّئٍ فَاَغْمِضْ لَهٗ	وَتَجَنَّبِ الْاَمْرَ الَّذِيْ يُتَجَنَّبُ
اور جب قصد کرے تو برائی کا تو اوس سے آنکہ بند کرلے	اور دوری چاہ اوس کام سے جس سے دور رہنا چاہیے
وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِلصَّدِيْقِ وَكُنْ لَهٗ	كَاَبٍ عَلٰى اَوْلَادِهٖ يَتَحَدَّبُ
اور بچھادے اپنے بازو دوست کے لیے اور ہو اوسکے لیے	مثل باپ کے کہ اپنی اولاد پر مہربانی کرتا ہے

والضيف اكرم ما استطعت جواره ‎ حتى يعدك وارثا يتنسب

اور مہمان کی بزرگی کر جب تک ہو سکے تجھسے ہمسائگی اوسکی ‎ یہانتک کہ سمجھے تجھکو وارث اپنایت کا دعویدار

واجعل صديقك من اذا آخيته ‎ حفظ الاخاء وكان دونك يضرب

اور اپنا دوست اوسے کر کہ جب بہائی چارہ کرے تو اوس سے ‎ تو خیال رکھے بہائی چارہ کا اور مارے تیرے دشمنوں کو

واطلبهم طلب المريض شفاءه ‎ ودع الكذوب فليس ممن يصحب

اور ڈہونڈہ دوستوں کو جیسے بیمار شفا کو ڈہونڈہتا ہے ‎ اور چہوڑ جہوٹوں کو کہ وہ لائق صحبت کے نہیں

واحفظ صديقك في المواطن كلها ‎ وعليك بالمرء الذي لا يكذب

اور حفاظت کر اپنے دوست کی تمام مقامات جنگ میں ‎ اور دوستی کر اوس شخص سے کہ جہوٹ نہ بولے

واقل الكذوب وقربه وجواره ‎ ان الكذوب ملطخ من يصحب

اور دشمن جان جہوٹوں کو اور دور رہ اونکے قرب و جوار سے ‎ کیونکہ جہوٹے اپنے ہم صحبت کو بہی جہوٹ میں آلودہ کر لیتے ہیں

يعطيك ما فوق المنى بلسانه ‎ ويروغ عنك كما يروغ الثعلب

زبانی دیدیتے ہیں وہ چیزیں جو آرزو سے بہی بالاتر ہیں ‎ اور پہر جاتے ہیں چلے سے جیسے پہر جاتی ہے لومڑی

واحذر ذوي الملق اللئام فانهم ‎ في النائبات عليك ممن يحطب

اور ڈر خوشامدی نالائق سے اسلیے کہ وہ ‎ تیری مصیبتوں میں مثل اوسکے ہے کہ آگ بہڑکاتا ہے

يسعون حول المرء ما طمعوا به ‎ واذا نبا دهر جفوا وتغيبوا

پہرتے ہیں گرد آدمیوں کے جبتک کہ اونسے لالچ ہوتا ہو ‎ اور جب زمانہ مخالف ہوتا ہو تو ظلم کرتے یا غائب ہو جاتے ہیں

ولقد نصحتك ان قبلت نصيحتي ‎ والنصح ارخص ما يباع ويوهب

اور تحقیق نصیحت کی میں نے تجھکو اگر قبول کرے تو میری نصیحت ‎ اور نصیحت ارزاں تر اون چیزوں سے کہ بیچی جائیں یا ہبہ کیجائیں

نصیحت امام حسین علیہ السلام و تنبیہ او بر شہادت خود و اولاد کرام

نصیحت امام حسین علیہ السلام کو اور آگاہی اونکی اپنی شہادت اور اولاد کی شہادت سے

حسين اذا كنت في بلدة ‎ غريبا فعاشر بآدابها

اے حسین جب کہ ہو تو کسی شہر میں ‎ مسافر تنہا تو معاشرت کر وہانکے آداب کے موافق

وَلَا تَفْخَرَنْ فِيهِمْ بِالنُّهَى	فَكُلُّ قَبِيلٍ بِأَلْبَابِهَا
اور نہ فخر کر اون لوگون مین عقلمندی کا	کیونکہ ہر قبیلہ بجائے خویش عاقل ہے
وَلَو عَمِلَ ابْنُ اَبِي طَالِبِ	بِهٰذِي الْاُمُورِ كَاَسْبَابِهَا
اور اگر کوئی کام کرے تو اے بیٹے ابیطالب کے	ان کامون مین سے تو مطابق انکے سامان کے کر
وَلٰكِنَّهُ اَعْتَامَ اَمْرَ الْاِلٰهِ	فَاَحْرَقَ فِيهِمْ بِاَنْيَابِهَا
اور لیکن اوسنے قبول کیا حکم خدا کو	پس پیسے اون لوگون نے اپنے دانت
عَذِيرُكَ مِنْ ثِقَةٍ بِالَّذِي	يُنِيلُكَ مِنْ دُنْيَاكَ مِنْ طَابِهَا
عذرخواہی تیری اعتماد سے اوس شخص پر ہے	کہ دیتا ہے تجکو دنیا تیری بہتر سے بہتر
فَلَا اَفْرَحَنَّ لِاَوْزَارِهَا	وَلَا تَضْجَرَنَّ لِاَوْصَابِهَا
پس خوشی نکر دنیا کے بھاری بوجھون کے لیے	اور پریشان نہو اوسکے رنج وغم سے
قِسِ الْغَدَ بِالْاَمْسِ كَيْ تَسْتَرِيحَ	فَلَا تَبْتَغِي سَعْيَ رُغَّابِهَا
قیاس کر کل کو آج پر تو راحت پائے تو	اور نہ تلاش کر دنیا کو مثل تلاش حریصون کے
كَاَنِّي بِنَفْسِي وَاَعْقَابِهَا	وَبِالْكَرْبَلَاءِ وَمِحْرَابِهَا
گویا کہ مین بذات خود اور مع اپنی اولاد کے	کربلا مین اور مقام جنگ کربلا مین ہون
فَتُخْضَبُ مِنَّا اللِّحٰى بِالدِّمَاءِ	خِضَابَ الْعَرُوسِ بِاَثْوَابِهَا
پس رنگین ہین ہماری ڈاڑھیان خون سے	مثل رنگین ہونے عروس کے اپنے لباس سے
اَرَاهَا وَلَمْ يَكُ رَاْيَ الْعِيَانِ	وَاُوتِيتُ مِفْتَاحَ اَبْوَابِهَا
دیکھا مین نے یہ واقعہ اور نہین ہے چشم دید	اور دی گئین مجکو کنجیان اس واقعے کے دروازونکی
مَصَائِبُ تَاْبَاكَ مِنْ اَنْ تُرَدَّ	فَاَعْدِدْ لَهَا قَبْلَ مُنْتَابِهَا
چند مصیبتین ہین کہ آمادہ کریگی تجکو پھر جانے پر	پس آمادہ ہو اونکے لیے اونکے آنے سے پہلے
سَقَى اللّٰهُ قَائِمَنَا صَاحِبَ	الْقِيَامَةِ وَالنَّاسُ فِي دَابِهَا
سیراب کرے اللہ ہمارے دیندار کو	قیامت مین اور لوگ اپنے کامون کی پریشانی مین ہون

هو المدرك الثار لي يا حسين ۔ بل لك فاصبر لاتعابها

وہ دریافت کرنے والا ہے میرے خون بہا کا اے حسین ۔ بلکہ تیرے پس صبر کر اون مصائب کے رنج پر

لكل دم الف الف دما ۔ ولا يقصر قتل احزابها

ہر خون کے بدلے ہزار ہزار خون ہونگے ۔ اور کمی نہ کیجائیگی اون گروہون کے قتل مین

هنالك لا ينفع الظالمين ۔ قول بعذر و اعتابها

اوسوقت فائدہ نہ دیگی ظالمون کو ۔ باتین عذر و معذرت اور حاسدی کی

حسين فلا تضجرن للفراق ۔ فدنياك اضحت لتخراجها

اے حسین پریشان نہو فراق احباب سے ۔ کہ دنیا تیری بربادی کے لیے پیدا ہے

سل الدور تخبر و افصح بها ۔ بان لا بقاء لاربابها

پوچھ گھرون سے کہ خبر دینگے تجھے فصاحت سے ۔ اس بات کی کہ اونکے بانیون کو بقا نہین

انا الدين لا شك للمؤمنين ۔ بآيات وحي و ايجابها

مین دین ہون اور اسمین شک نہین اونکو کہ ایمان رکھتے ہین ۔ آیات قرآنی پر اور اونکے حکمون پر جو میری محبت کے بارے مین ہین

لنا وسمة الفخر في حكمها ۔ وصلت علينا باعرابها

اور ہمارے لیے نشان فخر کا ہے اون حکمون مین ۔ اور درود بھیجا ہمپر اونمین ایک بیان خاص مین

فصل على جدك المصطفى ۔ وسلم عليه و طلابها

پس درود بھیج اپنے دادا برگزیدہ مخلوقات پر ۔ اور سلام بھیج اونپر اور اون آیتون کے طالبون پر

نصیحت سید البریہ جناب امام حسن علیہ السلام والتحیہ

نصیحت سردار مخلوقات جناب امام حسن علیہ السلام والتحیۃ کو

تردد رداء الصبر عند النوائب ۔ تنل من جميل الصبر حسن العواقب

اوڑھ لے چادر صبر کو مصیبتون کے وقت ۔ تاکہ پہونچے تو صبر جمیل سے اچھے سرانجام کو

وكن صاحبا للحلم في كل مشهد ۔ فما الحلم الا خير خدن و صاحب

وكن حافظا عهد الصديق وراعيا ۔ تذق من كمال الحفظ صفو المشارب

اور ہو نگاہبان پیمان دوست کا اور رعایت کرنے والا ۔ تا کہ پائے تو مزا کمال نگاہداشت سے صفائے مشرب کا

وكن شاكرا لله في كل نعمة ۔ يثيبك على النعمى جزيل المواهب

اور ہو شکر کرنے والا خدا کا ہر نعمت مین ۔ تا کہ جزا دے تجکو اون نعمتون پر بڑی بخشش

وما المرء الا حيث يجعل نفسه ۔ فكن طالبا في النفس اعلى المراتب

اور مرد کے لیے وہ رتبہ ہے جو قرار دے اپنے لیے ۔ پس ہو تو طالب نفسون مین بلند مرتبون کا

وكن طالبا للرزق من باب حله ۔ يضاعف عليك الرزق من كل جانب

اور طلب کر روزی کو سبب حلال سے ۔ تا کہ دو گنی ہوجاوے تیری روزی ہر جانب سے

وصن منك ماء الوجه لا تبذلنه ۔ ولا تسأل الارذال فضل الرغائب

اور حفاظت کر آبرو کی اور نہ برباد کر ۔ اور نہ چاہ کمینون سے زیادتی بخشش کی

وكن موجبا حق الصديق اذا اتى ۔ اليك ببر صادق منك واجب

اور واجب جان حق دوست کو جب آئے ۔ تیرے پاس بھی نیکی سے جو تجکو واجب ہے

وكن حافظا للوالدين وناصرا ۔ لجارك ذي التقوى واهل الاقارب

اور ہو محافظ ماں باپ کا اور مددگار ۔ اپنے ہمسایہ پرہیزگار اور رشتہ دارون کا

نصیحت امیر المومنین حضرت حسن اثابه الله بمقاسات المحن

نصیحت حضرت امیر المومنین امام حسن کی ۔ جزا دے بخیر دے اونکو اللہ تعالے رنج وغم اوٹھانے کی

لو صيغ من فضة نفس على قدر ۔ لعاد من فضله لما صفا ذهبا

اگر بنایا جائے چاندی سے کوئی نفس بالفرض ۔ تو کیا ہو اس بزرگی سے ایسا جیسے سونا صاف

ما للفتى حسب الا اذا كملت ۔ آدابه وحوى الآداب والحسبا

نہین ہے جوانمرد کے لیے کوئی حسب مگر جبکہ کامل ہون ۔ آداب اوسکے اور جمع ہوا وسمین ادب اور حسب

فاطلب فديتك علما واكتسب ادبا ۔ تظفر يداك به واستعمل الطلبا

لِلّٰہِ دَرُّ فَتًی اَنْسَابُہٗ کَرَمٌ ... یَا حَبَّذَا کَرَمًا اَضْحٰی لَہٗ نَسَبَا

اور خدا کے لیے ہی نیکی اوس جوانمرد کی کہ نسب اوسکا کرم ہی ... اے خوشا وہ کرم کہ ہو اوس جوانمرد کے لیے نسب

هَلِ الْمُرُوَّۃُ اِلَّا مَا تَقُوْمُ بِہٖ ... مِنَ الذِّمَامِ وَحِفْظِ الْجَارِ اِنْ غَضِبَا

نہین ہی کمال مردی مگر استقلال اوسمین ... اور حفاظت عہد کی اور نگہبانی ہمسایہ کی اگرچہ غصہ ہو

مَنْ لَّمْ یُؤَدِّبْہُ دِیْنُ الْمُصْطَفٰی اَدَبًا ... مَحْضًا تَحَیَّرَ فِی الْاَحْوَالِ وَاضْطَرَبَا

جس کو ادب نہ سکھائی دین حضرت مصطفے کا ادب ... خالص وہ پریشان حال ہو اور سرگشتہ

نہی از اضطراب در وقت فتنہ و انقلاب

ممانعت اضطراب کی وقت فتنہ اور انقلاب سے

اَلدَّهْرُ یَخْنُقُ اَحْیَانًا قِلَادَتَہٗ ... عَلَیْكَ لَا تَضْطَرِبْ فِیْہِ وَلَا تَثِبِ

زمانہ گھونٹتا ہی کبھی گردن بند اپنا تجھپر ... پس نہ مضطرب ہو اوس سی اور نہ جنبش کر

حَتّٰی یُفَرِّجَهَا فِیْ حَالِ مُدَّتِهَا ... فَقَدْ یَزِیْدُ اخْتِنَاقًا کُلُّ مُضْطَرِبِ

یہانتک کہ کھولدی وہ اوس گردن بند کو حالت کشش میں ... اور درحقیقت زیادہ کرتا ہی گلا گھٹنے کو ہر مضطرب

اظہار اصطبار بر سختی روزگار

ظاہر کرنا صبر کا سختی زمانہ پر

اِنِّیْ اَقُوْلُ لِنَفْسِیْ وَهِیَ ضَیِّقَۃٌ ... وَقَدْ اَنَاخَ عَلَیْهَا الدَّهْرُ بِالْعَجَبِ

مین کہتا ہون اپنی نفس کو اور وہ تنگ ہی ... اور تحقیق مقدر کیا ہی اوسپر زمانی نی امر عجیب

صَبْرًا عَلٰی شِدَّۃِ الْاَیَّامِ اِنَّ لَهَا ... عُقْبٰی وَمَا الصَّبْرُ اِلَّا عِنْدَ ذِیْ حَسَبِ

کہ صبر کر زمانی کی سختی پر کیونکہ اوسکے لیے ... انجام کار ہی اور صبر صاحب حسب کے لیے ہی

سَیَفْتَحُ اللّٰہُ عَنْ قُرْبٍ بِنَافِعَۃٍ ... فِیْهَا لِمِثْلِكَ رَاحَاتٌ مِّنَ التَّعَبِ

عنقریب بدل دیگا اوسکو اللہ منفعت سی ... کہ اوسمین تیرے لیے راحت ہوگی رنج سے

بیان آنکہ فرح لازم ترح است و یسر تابع عسر

اذا اشتملت علی الیأس القلوب
جبکہ شامل ہوتے ہین ناامیدی پر دل

وضاق لما بہ الصدر الرحیب
اور تنگ ہوتا ہی کشادہ سینہ رنج و غم کے ہونے سی

واوطنت المکارہ واطمأنت
اور گھر کرلیتی ہین سختیان اور آرام لیتی ہین

وارست فی اماکنہا الکروب
اور ٹھہر جاتے ہین غم اپنے مقامون پر

ولم یر لانکشاف الضر وجہ
اور نہین نظر آتی دفع ضرر کی کوئی صورت

ولا اغنی بحیلتہ الاریب
اور گھبراتا ہی اوسکے حیلون مین عقلمند

اتاک علی قنوط منک غوث
آتا ہو تیری اس ناامیدی پر ایک فریادرس

یمن بہ اللطیف المستجیب
کہ احسان کرتا ہو اوسکی بھیجنی سے مہربان قبول کرنیوالا

وکل الحادثات اذا تناهت
اور سب سختیان جب انتہا کو پہونچتے ہین

فموصول بہ فرج قریب
پس پہونچتی ہی ساتھہ ہی اوسکے راحت قریب

نہی از عجز و فروتنی پیش مردم دنی

ممانعت عاجزی اور فروتنی سے نزدیک سفلون کے

لا تطلبن معیشة بمذلة
نہ ڈھونڈھہ اسباب راحت کو رسوائی سی

وارفع بنفسک عن دنی المطلب
اور بچا اپنے نفس کو مطلب خسیس سے

واذا افتقرت فداو فقرک بالغنی
اور جب محتاج ہو تو پس دوا کر اپنی محتاجی کی بی پروائی

عن کل ذی دنس کجلد الاجرب
ساتھہ ہر پلید کی مثل پوست گرگین کے

فلیرجعن الیک رزقک کلہ
پس جلد پھیرلیگا تیری طرف رزق تیرا تمام

لو کان ابعد عن محل الکوکب
اگرچہ دور ہو زیادہ ستاروںکے مقام سی

اظہار صبر بر حوادث زمان برای دفع شماتت دشمنان

زمانی کی حادثون پر صبر کرنا دشمنون کی بد گوئی سے بچنے کے لیے

الا ایہا الذی کف انت فانہ

صبور علی ما ساء لونا صلبت

حریص علی ان لا یری بی کآبة	و یشمت عاد او یساء حبیب
حریص ہوں اسکا کہ دیکھی نہ جاوے میری بدحالی	پس خوش ہو دشمن اور رنجیدہ ہو دوست

امر بسخا و کرم با جمیع طوائف و امم

حکم سخاوت اور کرم کا ساتھ تمام گروہ امم کے

اذا جادت الدنیا علیک فجد بها	علی الناس طرا انها تتقلب
جب سخاوت کرے تجھپر دنیا تو سخاوت کر تو دنیا سے	تمام لوگوں پر کیونکہ دنیا پھر جاتی ہے
فلا الجود یفنیها اذا هی اقبلت	ولا البخل یبقیها اذا هی تذهب
پس نہ سخاوت فنا کردیتی ہے دنیا کو جب موجود ہوتی ہے	اور نہ بخل باقی رکھتا ہے دنیا کو جب وہ جاتی ہے

بیان آنکہ بنای کار مردم بر مال ست نہ بر عقل کامل و طبع راست

بیان اسکا کہ آدمیوں کے کام کی بنا مال پر ہے نہ عقل کامل اور طبیعت درست پر

تغطی عیوب المرء کثرة ماله	فصدق فیما قال وهو کذوب
ڈھانک لیتی ہے انسان کے عیبوں کو کثرت مال	پس سچا سمجھا جاتا ہے ہر بات میں حالانکہ وہ جھوٹا ہے
ویزری بعقل المرء قلة ماله	فتحمقه الاقوام وهو لبیب
اور ذلیل کرتی ہے انسان کی عقل کو اوسکی کم مائگی	پس احمق بناتی ہیں اوسکو قومیں حالانکہ وہ عقلمند ہے

شکایت از احتیاج و افتقار کہ سبب ضعف و انکسارست

شکایت حاجتمندی اور محتاجی کی کہ سبب کمزوری اور عاجزی کی ہے

غالبت کل شدیدة فغلبتها	والفقر غالبنی فاصبح غالبی
غلبہ چاہا میں نے ہر سخت حادثہ پر پس غالب ہوا	اور غلبہ کیا مجھپر درویشی نے پس ہو گئی غالب مجھپر
ان ابده یفضح وان لم ابده	یقتل فقبح وجهه من صاحب
اگر ظاہر کرتا ہوں میں اوس فقر کو تو رسوائی ہے ورنہ	مار ڈالتا ہے پس برا ہو منھ اوس مصاحب کا کہ فقر ہے

اظہار استغنا ...

فلو كانت الدنيا تنال بفطنة ... وفضل وعقل نلت اعلى المراتب

پس اگر ہوتی دنیا کہ حاصل ہوتی دانائی سے ... اور فضل و عقل سے پہونچتا مین اوسکی بلند مرتبون پر

ولكنما الارزاق حظ وقسمة ... بفضل مليك لا بحيلة طالب

اور لیکن روزی حصہ اور قسمت سے ہے ... کہ ملتا ہی بادشاہ بزرگ کی فضل سے نہ طالب کی حیلہ سے

ستایش دانش و خرد کہ سبب نجات ست و سعادت ابد

تعریف عقل و دانش کی کہ سبب نجات اور سعادت ابدی کا ہے

وافضل قسم الله للمرء عقله ... فليس من الخيرات شيء يقاربه

اور عمدہ حصہ کہ اللہ نے آدمی کی لیے مقدر کیا ہی عقل ہے ... پس نہین ہی اچھائی سی کوئی چیز کہ مرتبہ مین عقل کی قریب ہو

اذا اكمل الرحمن للمرء عقله ... فقد كملت اخلاقه ومآربه

جو پوری کری خدا مرد کی لیے عقل اوسکی ... پس بتحقیق پوری ہوی اخلاق اور مقصد اوسکے

يعيش الفتى في الناس بالعقل انه ... على العقل يجري علمه وتجاربه

عیش کرتا ہی جوانمرد لوگون مین سبب عقل کی بیشک ... عقل ہی سی چلتی ہین کام اور تجربی اوسکے

تزين الفتى في الناس صحة عقله ... وان كان محظورا عليه مكاسبه

زینت دیتی ہی جوانمرد کو لوگون مین عقل کی درستی ... اگرچہ حرام ہوئی ہون اوسپر کسب اوسکے

يشين الفتى في الناس قلة عقله ... وان كرمت اعراقه ومناسبه

اور معیوب کردیتی ہی جوانمرد کو لوگون مین کم عقلی اوسکی ... اگرچہ بزرگ ہون اصلین اور مرتبے اوسکے

ومن كان غلابا بعقل ونجدة ... فذو الجد في امر المعيشة غالبه

اور جو شخص کہ غلبہ کرنیوالا ہو عقل و شجاعت سے ... پس نصیبے کار معاش مین غالب ہوگا اوسپر

مدح علم و ادب و حمد عقل و حسب

تعریف علم و عقل کی اور شکر عقل و حسب کا

ليس البلية في ايامنا عجبا ... بل السلامة فيها اعجب العجب

لیس الجمال باثواب تزینها ❊ ان الجمال جمال العلم والادب

خوبصورتی لباس سے نہین ہی کہ زینت دیتا ہی ❊ بیشک خوبصورتی علم وادب کی خوبصورتی ہے

لیس الیتیم الذی قد مات والده ❊ ان الیتیم یتیم العقل والحسب

یتیم وہ نہین ہی کہ جسکا باپ مرجاسکے ❊ بیشک یتیم وہ ہے جسکو نہ عقل ہو نہ حسب

امر تحصیل آداب و منع از تفاخر بانساب

حکم ادب کے حاصل کرنے کا اور ممانعت نسب پر فخر کرنے کی

کن ابن من شئت واکتسب ادبا ❊ یغنیک محموده عن النسب

جسکا چاہی بیٹا بن اور حاصل کر ادب ❊ تو بی پروا کردین تجھکو اچھائیان اوسکی نسب سے

فلیس تغنی الحسیب نسبته ❊ بلا لسان له ولا ادب

پس نہین بی پروا کرتی حسب نسب والیکو نسبت پدری ❊ بغیر زبان شستہ اور ادب کے

ان الفتی من یقول ها انا ذا ❊ لیس الفتی من یقول کان ابی

بیشک جوانمرد وہ ہی کہ کہتا ہی مین یہ ہون ❊ نہین جوانمرد وہ کہ کہتا ہی تہا باپ میرا ایسا ایسا

نفی از عوارض جسمانی و اثبات فضائل نفسانی

نفی عوارض جسمانی کی اور ثبوت فضائل نفسانیکا

ایها الفاخر جهلا بالنسب ❊ انما الناس لام ولاب

ای فخر کرنے والے نسب کی از روی جہل کے ❊ نہین ہین سب آدمی مگر مان باپ سے

هل تریهم خلقوا من فضة ❊ او حدید ام نحاس ام ذهب

کیا دیکھتا ہی تو کہ وہ پیدا کیے گئے ہین چاندی سے ❊ یا لوہے سے یا تانبے یا سونے سے

هل تریهم خلقوا من فضلهم ❊ هل سوی لحم وعظم وعصب

کیا دیکھتا ہی تو کہ وہ پیدا کیے گئے ہین مال سے اپنے ❊ آیا ہی کچھ سوا گوشت اور ہڈی اور پٹھون کے

انما الفخر لعقل ثابت ❊ وحیاء وعفاف وادب

تحسین سکوت وستایش صموت

تعریف سکوت کی اور ستائش خاموشی کی

أَدَّبْتُ نَفْسِي فَمَا وَجَدْتُ لَهَا ۔ بِغَيْرِ تَقْوَى الْإِلٰهِ مِنْ أَدَبٍ

ادب دیا مین نے اپنے نفس کو پس نپایا اوسکے لیے ۔ سوا پرہیزگاری خدا کی کوئی ادب

فِي كُلِّ حَالَاتِهَا وَإِنْ قَصُرَتْ ۔ أَفْضَلُ مِنْ صَمْتِهَا عَنِ الْكَذِبِ

کہ ہو ہر حال مین اوسکی اگرچہ کوتاہ ہو ۔ بہتر زیادہ اوسکی خاموشی سے جھوٹ بولنے مین

وَغِيبَةِ النَّاسِ إِنَّ غِيبَتَهُمْ ۔ حَرَّمَهَا ذُو الْجَلَالِ فِي الْكُتُبِ

اور آدمیونکی غیبت سے کیونکہ غیبت اونکی ۔ حرام کی ہے حضرت ذوالجلال نے کتابون مین

إِنْ كَانَ مِنْ فِضَّةٍ كَلَامُكَ يَا ۔ نَفْسُ إِنَّ السُّكُوتَ مِنْ ذَهَبٍ

اگر ہو کلام تیرا چاندی سے اے ۔ نفس بیشک خاموشی سونے سے ہے

تنبیہ بر ترک جواب اراذل وارشاد بتعظیم ارباب فضائل

آگاہی رذیلون کا جواب دینے پر اور حکم تعظیم ارباب فضل کا

سَلِيمُ الْعِرْضِ مَنْ حَذِرَ الْجَوَابَا ۔ وَمَنْ دَارَى الرِّجَالَ فَقَدْ أَصَابَا

سلامت رکھنے والا آبرو کا وہ ہے کہ ڈرے لوگونکے جواب سے ۔ اور جو کہ نرم خوئی کرتا ہے آدمیونسے درحقیقت صواب تک پہنچا

وَمَنْ هَابَ الرِّجَالَ تَهَيَّبُوهُ ۔ وَمَنْ حَقَرَ الرِّجَالَ فَلَنْ يُهَابَا

اور جو کہ پر شکوہ دیکھتا ہے لوگونکو ڈرتے ہین اوس سے لوگ ۔ اور جو کہ ذلیل سمجھتا ہے لوگون کو ہرگز پر شکوہ نہین سمجھا جاتا

اظہار آثار حلم از کمال کیاست وعلم

ظاہر کرنا آثار حلم کا کمال عقل وعلم سے

وَذِي سَفَهٍ يُوَاجِهُنِي بِجَهْلٍ ۔ وَأَكْرَهُ أَنْ أَكُونَ لَهُ مُجِيبَا

اور بہت بیوقوف ہین کہ روبرو آتے ہین مجھسے بسبب نادانی کے ۔ اور مکروہ جانتا ہون مین یہ کہ جواب دون اونکو

يَزِيدُ سَفَاهَةً وَأَزِيدُ حِلْمًا ۔ كَعُودٍ زَادَ فِي الْإِحْرَاقِ طِيبَا

امر بستر عیوب وعفو ذنوب

حکم عیبونکی چھپانے اور گناہونکے معاف کرنے کا

اَلْبِسْ اَخَاكَ عَلٰى عُيُوْبِهٖ	وَاسْتُرْ وَغَطِّ عَلٰى ذُنُوْبِهٖ
چھپالے اپنے بہائی کے عیبون کو	اور چھپا اور پردہ ڈال اوسکے گناہون پر
وَاصْبِرْ عَلٰى ظُلْمِ السَّفِيْهِ	وَلِلزَّمَانِ عَلٰى خُطُوْبِهٖ
اور صبر کر ظلم پر بیوقوف کے	اور کچھ دن کے لیے اوسکے دشوار کامون پر
وَدَعِ الْجَوَابَ تَفَضُّلًا	وَكِلِ الظَّلُوْمَ اِلٰى حَسِيْبِهٖ
اور چھوڑ دے جواب کو از روے بزرگی کے	اور ہر ظلم کے کرنیوالے کو اوسکے حساب کرنیوالے پر

شکوہ از منافقان زمان کہ دوستی ایشان منحصر ست بزبان

شکوہ زمانے کے منافقون کا کہ دوستی انکی منحصر ہے زبان پر

ذَهَبَ الْوَفَاءُ ذَهَابَ اَمْسِ الذَّاهِبِ	وَالنَّاسُ بَيْنَ مُخَاتِلٍ وَمُوَارِبِ
گئی وفا آج کے جانے والے کے مانند	اور آدمی فریب اور مکر کے لڑکے ہین
يُفْشُوْنَ بَيْنَهُمُ الْمَوَدَّةَ وَالصَّفَا	وَقُلُوْبُهُمْ مَحْشُوَّةٌ بِعَقَارِبِ
ظاہر کرتے ہین اپنے درمیان دوستی اور صفائی	اور دل اونکے بچھوون سے بہرے ہوے ہین

شکایت از وجدان عدو و فقدان احبا

شکایت دشمنون کی پائی جانی اور دوستون کے کم ہونے کی

عِلْمِيْ غَزِيْرٌ وَاَخْلَاقِيْ مُهَذَّبَةٌ	وَمَنْ تَهَذَّبَ يَشْقٰى فِيْ تَهَذُّبِهٖ
علم میرا بہت ہی اور اخلاق میرے پاکیزہ	اور جو کہ پاکیزہ ہوا بدبخت ہوجاتا ہے اپنی پاکیزگی مین
لَوْ رُمْتُ اَلْفَ عَدُوٍّ كُنْتُ وَاجِدَهُمْ	وَلَوْ طَلَبْتُ صَدِيْقًا مَا ظَفِرْتُ بِهٖ
اگر ڈھونڈھون مین ہزار دشمن تو پاؤن اونکو	اور اگر چاہون مین کوئی دوست کامیاب نہون اوسمین

دعای حضرت حق وثنای فیاض مطلق

يا رب ثبت قدمي وقلبي — سبحانك اللهو انت حسبي
اے رب ثابت رکھہ میرے قدم اور میرا دل — پاک ہی تو اے میری الله اور تو ہی کافی ہی میری تئین

تضرع ومناجات باقاضي الحاجات

تضرع اور مناجات درگاہ قاضی الحاجات مین

قريح القلب من وجع الذنوب — نحيل الجسم يشهق بالنحيب
خستہ دل گناہون کے درد سے — لاغر تن کہ آواز سے روتا ہے

اضر بجسمه سهر الليالي — فصار الجسم منه كالقضيب
کیا دکھہ دیا اوسکے جسم کو شب بیداری نے — کہ ہو گیا تن اوسکا مثل شاخ درخت کے

وغير لونه خوف شديد — لما يلقاه من طول الكروب
اور بدل دیا رنگ اوسکا خوف سخت نے — بسبب اوس چیز کے کہ پہونچتی ہی اوسکو زیادتی رنج کی

ينادي بالتضرع يا الٰهي — اقلني عثرتي واستر عيوبي
پکارتا ہی زاری سی کہ اے الله میرے — بخشدے خطا میری اور چھپا عیب میری

فزعت الى الخلائق مستغيثا — ولم ار في الخلائق من مجيب
التجا لیگیا مین طرف مخلوقات کی فریاد چاہنے والا — اور نہ دیکھا مین نی مخلوقات مین کوئی جواب دینے والا

وانت مجيب من يدعوك ربي — وتكشف ضر عبدك يا حبيبي
اور تو جواب دیتا ہی ہر کسی کو کہ پکارتا ہی تجھکو اے رب میری — اور دور کرتا ہی تکلیفین اپنی بندی کی اے دوست میری

ودائي باطن ولديك طب — ومن لي مثل طبك يا طبيبي
اور بیماری میری اندرونی ہی اور تیری پاس علاج ہی — اور کون ہی میرا معالج مثل تیری علاج کی اے طبیب

منع مداومت در منادمت ونفی مواظبت در مصاحبت

مناہی مداومت کی منادمت مین اور نفی مواظبت کی مصاحبت مین

اذا شئت ان تقلى فزر متواترا — وان شئت ان تزداد حبا فزر غبا
جو چاہی تو دشمن بننا تو ملاقات کر برابر — اور جو چاہے تو دوستی بڑہانا تو باری باری مل

مُنَادَمَةُ الْإِنْسَانِ تَحْسُنُ مَرَّةً ۔۔۔ وَإِنْ أَكْثَرُوا إِدْمَانَهَا أَفْسَدُوا الْحُبَّا

مصاحبت انسان کی ایکبار خوب ہے ۔۔۔ اور اگر زیادہ کرین اوسکو پیوستہ تو فساد ڈالتی ہی محبت مین

بیان وجہ مختار در ترتیب چیدن اظفار

بیان وجہ مختار کا ناخن ترشوانے کی ترتیب مین

قَلِّمْ أَظَافِيرَكَ بِسُنَّةٍ وَأَدَبْ ۔۔۔ يُمْنَى تُوَيْسِرَى خَوَابِسُ أَوْخَسَبْ

ترشوا انکو ناخن اپنے موافق سنت نبوی کے ۔۔۔ داہنا ہاتھہ پھر بایان موافق ترتیب کلمہ داہنے اور بائین ہاتھہ کی

تقریب نفوس بر موت و تقرب طباع بر فوت

تقریب نفسونکی اوپر موت کی اور نزدیک کرنا طبیعتونکا فوت پر

عَجِبْتُ لِجَازِعٍ بَاكٍ مُصَابٍ ۔۔۔ بِأَهْلٍ أَوْ حَمِيمٍ ذِي اكْتِئَابِ

تعجب ہی مجھی اوس بیصبر رونیوالی مصیبت زدہ پر ۔۔۔ کہ روتا ہی اپنے اہل یا دوست غمگین کے لیے

شَقِيقِ الْجَيْبِ دَاعِي الْوَيْلِ جَهْلًا ۔۔۔ كَأَنَّ الْمَوْتَ كَالشَّيْءِ الْعُجَابِ

گریبان پھاڑی ہوی واویلا کرتا ہی نادانی سے ۔۔۔ گویا کہ موت اوسکے نزدیک عجیب شی ہے

وَسَوَّى اللّٰهُ فِيهِ الْخَلْقَ حَتَّى ۔۔۔ نَبِيُّ اللّٰهِ عَنْهُ لَمْ يُحَابِ

اور برابر کیا ہی خداوند تعالی نے موت مین سب مخلوقات کو ۔۔۔ یہانتک کہ پیغمبر خدا کو بھی اوس سے فروگذاشت نہ کیا

لَهُ مَلَكٌ يُنَادِي كُلَّ يَوْمٍ ۔۔۔ لِدُوا لِلْمَوْتِ وَابْنُوا لِلْخَرَابِ

اور خدا کا ایک فرشتہ ہی کہ پکارتا ہی ہر روز ۔۔۔ جنتی ہو موت کے لیے اور بنا کرتے ہو خرابی کے لیے

تبیین مصائب زمان و تعیین نوائب جہان

بیان زمانہ کے مصائب کا اور تعیین جہان کی نوبتون کا

فَلَمْ أَرَ كَالدُّنْيَا بِهَا اغْتَرَّ أَهْلُهَا ۔۔۔ وَلَا كَالْيَقِينِ اسْتَوْحَشَ الدَّهْرَ صَاحِبُهْ

نہ دیکھا مین نے مثل دنیا کا کہ فریفتہ ہین اوسکی دنیا والی ۔۔۔ اور نہ مثل مرگ کا کہ نہایت ناخوش ہوتا ہی زمانہ مین قریب الموت

أَمُرُّ عَلَى رَسْمِ الْقُبُورِ كَأَنَّمَا ۔۔۔ أَمُرُّ عَلَى رَسْمِ امْرِئٍ مَا أُنَاسِبُهْ

گذرتا ہون مین اپنی اعزا کے نشان پر اسطرح ۔۔۔ گویا کہ گذرتا ہون مین نشان پر اوس شخص کے کہ ادسے [illegible] نسبت

فوالله لولا انني كل ساعة ۔ اذا شئت لاقيت امرءًا مات صاحبه

پس قسم خدا کی کہ مین جس ساعت مین ۔ جب چاہون کہ ملون اوس شخص سے کہ مر گیا ہی یار اوسکا

اذا ما اعتزيت الدهر عنه بحيلة ۔ يجدد حزنا كل يوم نوادبه

جب کہ نسبت کی مین نے اپنے تئین زمانے مین اوس سے ساتھ حیلے کے ۔ تازہ کرتا ہے غم کو ہر روز رونا اوسکا

ارشاد ارباب صلاح باسباب فلاح

ہدایت نیکون کی طرف اسباب فلاح کے

فرض على الناس ان يتوبوا ۔ لكن ترك الذنوب اوجب

فرض ہی آدمیون پر کہ توبہ کرین ۔ لیکن گناہون کا چھوڑنا بہت واجب ہے

والدهر في صرفه عجيب ۔ وغفلة الناس فيه اعجب

اور زمانہ اپنے حوادث مین عجیب ہے ۔ اور اوسمین غافل ہونا لوگون کا عجیب تر ہی

والصبر في النائبات صعب ۔ لكن فوت الثواب اصعب

اور صبر کرنا زمانہ کے حادثون پر سخت ہی ۔ لیکن بربادی ثواب کی بہت ہی سخت ہے

وكل ما يرتجى قريب ۔ والموت من كل ذاك اقرب

اور جو چیز امید کی جاتی ہی نزدیک ہے ۔ اور موت ان سب سے زیادہ قریب ہے

بیان زوال جاہ ومال ونفی حرص وندامت مآل

بیان زوال جاہ و مال کا اور ممانعت حرص کی اور ندامت انجام کار کی

قد شاب راسي وراس الحرص لم يشب ۔ ان الحريص على الدنيا لفي تعب

بوڑہا ہوگیا میرا سر اور حرص کا سر نہ سفید ہوا ۔ بیشک دنیا کا حریص رنج مین ہے

ما لي اراني اذا ما رمت مرتبة ۔ فنلتها طمحت عيني الى رتب

کیا ہی مجھکو کہ دیکہتا ہون مین اپنی شان مرتبہ کا ڈہونڈہنے والا ۔ اور جب پاتا ہون نہین اوسکو بلند ہوتی ہی میری نظر اور مرتبون پر

بالله ربك كم بيت مررت به ۔ قد كان يعمر باللذات والطرب

قسم ہی خدا تیرے پروردگار کی کہ کتنے ہی گھرون پر گذرا مین ۔ اور بیشک وہ بنائے گئے تھی عیش وعشرت کے لیے

طارت عقاب المنايا في جوانبه — فصار من بعدها الويل والحرب

اوڑا عقاب مرگ کا اوسکے ہر جانب میں — پس ہوگیا وہ گھر بعد اوسکے تباہی اور خرابی کی لیے

احبس عنانك لا تجني بطلبا — فلا وربك ما الارزاق بالطلب

تھام لے اپنی باگ اور سرکشی نہ کر اوسکی طلب مین — اور قسم پروردگار کی کہ نہین ملتی روزی ڈھونڈہنے سے

قد ياكل المال من لم يحث راحلة — ويترك المال من قد جد في الطلب

بیشک کہاتاہی مال وہ شخص کہ جسنی نہین کسے پانون مرکب — اور چھوڑ جاتاہی مال کو وہ کہ جسنے کوشش کی طلب مین

توبیخ بر متابعت نفس و هوا و نهی از طمع دوام و بقا

ملامت و زجر نفس و خواہش کی اطاعت پر اور ممانعت ہمیشہ کی طمع اور بقا سے

الام تجر اذيال التصابي — وشيبك قد نضا برد الشباب

کہاتک کھینچےگا تو دامن عاشقی کے — اور حال یہ ہے کہ تیری بڑہاپی نی اوکال دیا ہی جوانی کا

بلال الشيب في فوديك نادى — باعلى الصوت حي على الذهاب

اور بڑہاپی کی بلال نے تیرے سرکے ہر جانب ندا کی — آواز بلند سے کہ آمادہ ہو چلنے کے لیے

خلقت من التراب وعن قريب — تغيب تحت اطباق التراب

پیدا کیا گیا تو مٹی سے اور تہوڑے زمانہ کے بعد — غائب کیا جائیگا خاک کے طبقون کے نیچے

طمعت اقامة في دار ظعن — فلا تطمع فرجلك في الركاب

طمع کی تونے رہنے کی کوچ کے مقام مین — پس طمع نکر کہ پانون تیرا رکاب مین ہے

وارخيت الحجاب وسوف ياتي — رسول ليس يحجب بالحجاب

اور ڈالا تونے پردہ اور قریب ہے کہ آئے — رسول کہ نہ چھپایا جائے پردے سے

اعامر قصرك المرفوع اقصر — فانك ساكن القبر الخراب

اور کہے اسے بنانے والے قصر بلند کے کمی کر — پس بیشک تو رہنے والا ہے قبر خراب کا

شکایت از پیری و بیاض موی باحسن بیان و تنبیه بر معائب دنیا و اهل آن

شکایت پیری اور بڑہاپے کی اور آگاہی دنیا کی عیبوں اور [illegible]

خبت نار جسمي باشتعال مفارقي ... وأظلم عيشي إذ أضاء شهابها

بجھ گئی آگ میری تن کی سر کے بال سفید ہونے سے ... اور تاریک ہوئی زندگی میری جب روشن ہوا شعلہ سفیدی کا

أيا بومة قد عششت فوق هامتي ... على الرغم مني حين طار غرابها

ای وہ بوم کہ آشیانہ کیا تو نے میرے تالو پر ... برخلاف مجھسے اوس وقت کہ اڑا وہ کوا کہ رہتا تھا اوسکا

رأيت خراب العمر مني فزرتني ... ومأواك من كل الديار خرابها

دیکھی تو نے ویرانی میری زندگی کی پس زیارت کی میری ... اور منزل تیری تمام گھروں کا ویرانہ ہے

أأنعم عيشا بعد ما حل عارضي ... طلائع شيب ليس يغني خضابها

کیا خوش رہوں میں عیش میں بعد اسکے کہ آیا میرے صفحۂ رخ ... گوئندہ پیری کا کہ نہیں نفع دیتا اوسکو خضاب

وعزة عمر المرء قبل مشيبه ... وقد فنيت نفس تولى شبابها

اور اچھی عمر آدمی کی بڑھاپے سے پہلے ہے ... اور بیشک فنا ہوا وہ نفس کہ پھر گئی جوانی اوسکی

إذا اصفر وجه المرء وابيض راسه ... تنغص من أيامه مستطابها

جب زرد ہوا منھ آدمی کا اور سفید ہوا اوسکا سر ... گھٹ جاتی ہی اوسکے دنوں سے خوشی اوسکی

وأد زكوة الجاه واعلم بأنها ... كمثل زكوة المال تم نصابها

اور ادا کر زکوۃ جاہ و منزلت کی اور جان لے یہ کہ وہ ... زکوۃ مثل زکوۃ اوس مال کے ہے کہ کامل ہوا نصاب جسکا

وأحسن إلى الأحرار تملك رقابهم ... فخير تجارات الكرام اكتسابها

اور نیکی کر آزادوں سے تو ہوا مالک اونکی گردنوں کا ... پس بہتر تجارت کریم کی حاصل کرنا ان رقاب کا ہے

ومن يذق الدنيا فإني طعمتها ... وسيق إلينا عذبها وعذابها

اور کون چکھتا ہی دنیا کو پس بتحقیق چکھا میں نے اوسکو ... اور جاری کیا گیا ہی میری طرف اچھا اور برا اوسکا

فلم أرها إلا غرورا وحسرة ... كما لاح في أرض الفلاة سرابها

پس دیکھا میں نے دنیا کو مگر غرور اور حسرت ... جیسے کہ چمکتا ہے بیابان میں سراب اوسکا

وما هي إلا جيفة مستحيلة ... عليها كلاب همهن اجتذابها

اور نہیں ہی یہ دنیا مگر مردار بگڑا ہوا ... کہ جمع ہیں اوس پر کتے کہ قصد اونکا اوسکے کھینچنے کا ہے

فَاِنْ تَجْتَنِبْهَا كُنْتَ سِلْمًا لِاَهْلِهَا
پس اگر پرہیز کیا تو نے اس سے تو صلح جو ہوا اوسکے لوگون سے

وَاِنْ تَجْتَذِبْهَا نَازَعَتْكَ كِلَابُهَا
اور اگر کھینچا تو نے اوسکو لڑینگے تجھسے کتے اوسکے

فَدَعْ عَنْكَ فَضَلَاتِ الْاُمُوْرِ فَاِنَّهَا
پس چھوڑ از خود بیکار کام کیونکہ بیشک

حَرَامٌ عَلٰى نَفْسِ التَّقِيِّ ارْتِكَابُهَا
حرام ہے نفس پرہیزگار پر ارتکاب اوسکا

وَلَا تَمْشِيَنْ فِيْ مَنْكَبِ الْاَرْضِ فَاخِرًا
اور نہ چل زمین کے بلند مقامون پر فخر کرتا ہوا

فَعَمَّا قَلِيْلٍ يَحْتَوِيْكَ تُرَابُهَا
کہ تھوڑے دن بعد گھیر لیگی تجکو خاک زمین کی

فَطُوْبٰى لِنَفْسٍ اَوْطَنَتْ قَعْرَ دَارِهَا
پس خوشی ہی اوس نفس کو کہ رہ پڑا اپنی گھر کی بنیاد مین

مُغَلَّقَةَ الْاَبْوَابِ مُرْخًى حِجَابُهَا
اور حال یہ ہو کہ بند ہین دروازے اوسکی اور پڑی ہین اوسکے پردے

تشنیع از تفرقۂ ایام و شہور و شکایت از حادثۂ اعوام و دہور

تشنیع دنون اور مہینون کے تفرقے کی اور شکایت برسون اور زمانون کے حادثہ کی۔

كُنَّا كَزَوْجِ حَمَامَةٍ فِيْ اَيْكَةٍ
تھے ہم مثل کبوتر کے جوڑے کی ایک مرغزار مین

مُتَمَتِّعِيْنَ بِصِحَّةٍ وَشَبَابِ
برخوردار صحت و تندرستی اور جوانی سے

دَخَلَ الزَّمَانُ بِنَا وَفَرَّقَ بَيْنَنَا
داخل ہوا زمانہ ہمپر اور جدائی ڈالی ہماری درمیان

اِنَّ الزَّمَانَ مُفَرِّقُ الْاَحْبَابِ
بیشک زمانہ جدا کرنیوالا ہے دوستون کا

تاسف بر ایام جوانی و دوستان جانی

افسوس جوانی کے دنون اور جانی دوستون پر

شَيْئَانِ لَوْ بَكَتِ الدِّمَاءَ عَلَيْهِمَا
دو چیزین ہین کہ اگر روئین اونپر خون کے انسو

عَيْنَايَ حَتّٰى تُؤْذِنَا بِذَهَابِ
دونون آنکھین یہانتک کہ حکم کیا جاوے اونپر زوال کا

لَمْ تَبْلُغَا الْمِعْشَارَ مِنْ حَقَّيْهِمَا
نہ پہونچین ایک عشر عشیر کو ان دونون کی حق سے

فَقْدُ الشَّبَابِ وَفُرْقَةُ الْاَحْبَابِ
اور وہ کیا ہین رخصت شباب کی اور جدائی احباب کی

اظہار ملال از مصائب ایام در وقت وفات فاطمہؑ

اظہار ملال کا زمانے کی مصیبت پر بروقت وفات حضرت فاطمہ علیہا السلام کے

وَمَا الدَّهْرُ وَالْاَیَّامُ اِلَّا کَمَا تَرٰی — رَزِیَّةُ مَالٍ اَوْ فِرَاقُ حَبِیْبٖ

اور نہیں ہیں دن اور زمانہ مگر جیسا کہ تو دیکھتا ہے — مصیبت مال کی یا جدائی احباب کی

وَاِنَّ امْرَءً قَدْ جَرَّبَ الدَّهْرَ لَمْ یَخَفْ — تَقَلُّبَ حَالَیْهِ لِعَنْبٍ لَبِیْبٖ

اور تحقیق جس مرد نے کہ تجربہ کیا ہو زمانہ کا نہیں ڈرتا — زمانے کے تغیر سے بسبب ناخردمندی کے

اظہار محبت فاطمۂ زہرا رضہ ہنگام رحلت او از دنیا

اظہار محبت حضرت فاطمہ زہرا کا دنیا سے رحلت فرمانے کے وقت

حَبِیْبٌ لَیْسَ یَعْدِلُهٗ حَبِیْبٌ — وَمَا لِسِوَاهُ فِیْ قَلْبِیْ نَصِیْبٌ

وہ ایسا دوست ہے کہ اوسکے برابر کوئی دوست نہیں — اور نہیں ہے اوسکے غیر کا میری دل میں کچھ حصہ

حَبِیْبٌ غَابَ عَنْ عَیْنِیْ وَجِسْمِیْ — وَعَنْ قَلْبِیْ حَبِیْبِیْ لَا یَغِیْبُ

وہ دوست کہ غائب ہوا میری آنکھ اور جسم سے — اور میری دل سے دوست نہیں غائب ہوتا

خطاب بفاطمہ بعد از وفات او و تذکار وفاداری و ثبات او

خطاب بجانب فاطمہ زہرا بعد اونکی وفات کے اور ذکر اونکی وفاداری اور ثابت قدمی کا

مَالِیْ وَقَفْتُ عَلَی الْقُبُوْرِ مُسَلِّمًا — قَبْرَ الْحَبِیْبِ فَلَمْ یَرُدَّ جَوَابِیْ

کیا ہے مجھکو کہ کھڑا ہوں میں قبروں پر سلام کرنے والا — قبر دوست پر پس نہ جواب دیا اوسنے میری سلام کا

اَحَبِیْبُ مَالَكَ لَا تَرُدُّ جَوَابَنَا — اَنَسِیْتَ بَعْدِیْ خُلَّةَ الْاَحْبَابِ

ای حبیب میری کیا ہے تجھکو کہ نہیں دیتا جواب ہمکو — کیا فراموش کی تو نے میری بعد دوستی احباب کی

جواب از زبان حال زہرا رضی اللہ عنہا

جواب حضرت زہرا رضی اللہ عنہا کی زبان مبارک سے

قَالَ الْحَبِیْبُ وَکَیْفَ لِیْ بِجَوَابِکُمْ — وَاَنَا رَهِیْنُ جَنَادِلٍ وَتُرَابٖ

کہا دوست نے اور کیونکر قصد کروں میں تمہاری جواب کا — حالانکہ میں گھری ہوئی ہوں پتھروں اور خاک میں

اَکَلَ التُّرَابُ مَحَاسِنِیْ فَنَسِیْتُکُمْ — وَحُجِبْتُ عَنْ اَهْلِیْ وَعَنْ اَتْرَابِیْ

کھا لیں مٹی نے میری نیکیاں پس بھول گئی تمکو — اور چھپ گئی میں اپنے اہل اور اپنے دوستوں سے

فعليكم منا السلام تقطعت
پس تمپر ہو میرا سلام ۔ کٹ گئی

عني وعنكم خلة الاحباب
مجھسے اور تمسے دوستی دوستون کی

مرثیہ در وقت زیارت خاتم المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

مرثیہ وقت زیارت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے

ما غاض دمعي عند نائبة
نہ گرے آنسو میری وقت مصیبت سے

الا جعلتك للبكاء سببا
مگر یہ کہ کردانا مین نے آپکو رونیکے سبب

واذا ذكرتك سامحتك به
اور جب یاد کیا مینے تجھکو بخشین تجھکو ساتھ آنسو کے

مني الجفون ففاض وانسكبا
پلکین چشم کی پس روان ہوئے اور گر پڑے آنسو

اني اجل ثرى حللت به
مین بزرگ جانتا ہون اوس خاک کو کہ اتری آپ تمیر

عن ان ارى لسواه مكتئبا
اس سے کہ دیکھا جاؤنمین غمناک اوسکے غیر کے اندوہ مین

تعییر خیرہ تیرہ ولید بن مغیرہ

سرزنش کوردیدہ ولید بن مغیرہ کی

يهددني بالعظيم الوليد
ڈراتا ہی مجھکو بلاے عظیم سے ولید

فقلت انا ابن ابي طالب
پس کہا مین نے کہ مین بیٹا ابی طالب کا ہون

انا ابن المبجل بالابطحين
مین بیٹا ہون اوسکا جو بزرگ سمجھا گیا ہی مکہ اور مدینہ

وبالبيت من سلفي غالب
اور خانۂ کعبہ میری باپ دادا ون سے ہی غالب

فلا تحسبني اخاف الوليد
پس نہ سمجھہ مجھکو کہ مین ڈرتا ہون ولید سے

ولا انني منه بالهائب
اور نہ جان مجھکو کہ مین اوس سے ڈرنے والا ہون

فيا ابن مغيرة انى امرؤ
